www.KitaboSunnat.com

ملتِ اسلامیہ کا علمی اور اصلاحی مجلّہ

ماہنامہ **محدّث** لاہور

(فون) صدر دفتر: ۳۵۴۲۵۰ | ذیلی دفتر: ۵۴۸۷۳

جلد ۴ | محرم، صفر ۱۳۹۴ھ | عدد ۱، ۲

حرفِ اوّل

محدّث ــــ ہم اور آپ

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہم اپنی بے سر وسامانی کے باوجود اللہ احکم الحاکمین کے خصوصی فضل وکرم سے پھر اپنے عزم کی بدولت چوتھے سال میں قدم رکھ رہے ہیں لیکن آج کی صحبت میں ہمیں آپ سے اپنی چند مشکلات عرض کرنی ہیں تاکہ "محدث" کا مستقبل باہمی اشتراک تعاون سے استوار رہے۔

صورت احوال یہ ہے کہ دیگر اشاعتی اداروں کی طرح "محدث" مالی بحران کا شکار ہے۔ مخصوص سائز کا سفید کاغذ نہ صرف ملنا مشکل ہوتا ہے بلکہ اس کے ریٹ تین چار سال میں تقریباً تین گنے ہو چکے ہیں۔ کتابت طباعت اور بائنڈنگ وغیرہ کے اخراجات ڈیڑھ گنا بڑھ چکے ہیں اور کارکنوں کی روز افزوں کفالت یا مدد کا بوجھ اس پر مستزاد ہے۔ اس عرصہ میں ہم نے ایک دو ضخیم خصوصی اشاعتیں بھی مستقل خریداروں کو عام حساب میں پیش کیں اور کچھ ابھی معرضِ التواء میں ہیں۔ اگرچہ مالیات وغیرہ کے توازن کی غرض سے ہم نے بعض اشاعتیں مشترکہ بھی پیش کیں لیکن احباب کا انتظار ہمارے لیے سوہان روح بنتا رہا۔ اب محدث کو زندہ رکھنے کے لیے ہمارے سامنے دو ہی راستے ہیں کہ یا تو قیمت میں معقول اضافہ کریں یا سالانہ اشاعتیں کم کر دیں کچھ عرصے سے بعض اہم تدریسی مصروفیات اور انتظامی و مقامی الجھنیں بھی درپیش ہیں۔ اس لیے حالات استوار ہونے تک بہتر صورت یہ ہے کہ محدث کے ذریعے آپ سے ملاقات دو ماہ میں ایک مرتبہ ہو لیکن ہمارا رابطہ ضرور قائم رہے۔ امید ہے کہ دیر کی تلافی ہم زیادہ بہتر علمی اور تحقیقی مواد سے کر سکیں گے۔

ناشر: حافظ عبدالرحمن مدنی | طابع: چودھری رشید احمد | مطبع: مکتبہ جدید پریس، ۴ ۔ شارع فاطمہ جناح، لاہور

زرِ سالانہ: دس روپے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ